◉ **معارف مجلۂ تحقیق**، مدیر: پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق منصوری۔ پتا: ادارہ معارف اسلامی، ڈی-۳۵، بلاک ۵، ایف بی ایریا، کراچی-۷۵۹۵۰۔ فون: ۳۶۸۰۹۲۰۱-۰۲۱۔ صفحات: ۱۸۲+ ۱۰ انگریزی صفحات۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [ادارہ معارف اسلامی کراچی کے علمی، فکری و تحقیقی مجلے معارف مجلۂ تحقیق کا پانچواں شمارہ (جنوری-جون ۲۰۰۳ء) شائع ہوگیا ہے۔ تحقیقی مقالوں میں: 'پاکستان میں زکوٰۃ آرڈی ننس ۱۹۸۰ء کا نفاذ، ایک جائزہ' از سعدیہ گلزار، 'حضرت ابوبکرؓ کا اجتہاد و احیاے دین' از صوفیہ فرناز، فرزانہ جبیں، 'میسنری تنظیم، ایک جائزہ' از رضی الدین سید، 'سید قطب: فکروفن کے آئینے میں' از عمیر رئیس اہم ہیں، جب کہ عورت، مغرب اور اسلام از ثروت جمال اصمعی پر تبصراتی مقالہ اسحاق منصوری کا ہے۔ انگریزی حصے میں پاکستان میں تعلیمی اصلاحات کا تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔]

◉ **حقوقِ انسانی کی رپورٹ ۲۰۱۲ء**، مرتبہ: کمال فاروقی، ہیومن رائٹس نیٹ ورک، سندھ چیپٹر۔ ملنے کا پتا: قبا آڈیٹوریم، بلاک ۱۳، فیڈل بی ایریا، کراچی۔ فون: ۳۶۳۶۴۴۰۷-۰۲۱۔ صفحات: ۱۵۱۔ قیمت: درج نہیں۔ [حقوقِ انسانی کی جو پامالی آج کل ہے، عالمی سطح پر، قومی سطح پر، شہروں میں، دیہاتوں میں (اور گھروں میں بھی)، محتاجِ بیان نہیں۔ یہ نیٹ ورک آگہی کے معیار کو بلند کرتا ہے اور اُمید کرتا ہے کہ اس جدوجہد کے نتیجے میں صورتِ حال میں بہتری آئے گی۔ ۲۹ عنوانات کے تحت ۲۰۱۲ء کی خبریں اور واقعات پیش کردیے گئے ہیں۔ 'حقوقِ انسانی' کی واضح تعریف ہونا چاہیے۔ ہر خبر لازماً حقوقِ انسانی کی خلاف ورزی نہیں ہوتی، مثلاً بجٹ کا پیش کرنا، یہ کس طرح خلاف ورزی ہے؟ (ص ۱۴۳)۔ کچھ سمری ہوتی کہ کتنے قتل، کتنی عصمت دریاں؟]

◉ **اے میری بہن! کیا آپ جنت میں جانا چاہتی ہیں؟** تالیف: عبدالقدوس سلفی۔ ناشر: دارسیاف، سیکنڈ فلور، رحمٰن پلازا بالمقابل جلال دین ہسپتال، مچھلی منڈی، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۳۶۴۱۲-۰۴۲۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۱۶۰ روپے۔ [کتاب کا مدعا مسلم عورت میں دین کا ذوق وشوق پیدا کرکے دین کے ساتھ وابستہ کرنے، دنیا کی بے ثباتی اور آخرت کے گہرے شعور کی روشنی میں زندگی بسر کرنے کی طرف متوجہ کرنا ہے۔ قرآن وسنت کی تعلیمات اور واقعات کے ذریعے خواتین کو مناسب لباس اور پردے کی طرف راغب کیا گیا ہے۔ یہ کتاب خواتین اور ان کی نئی نسل کے لیے رہنمائی کا ذریعہ اور جنت میں جانے کا راستہ دکھاتی ہے۔]

◉ **مجلّہ الشباب**، مدیر: عزیر صالح۔ پتا: سید مودودی انٹرنیشنل اسلامک ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ، وحدت روڈ، لاہور۔ فون: ۳۵۴۱۶۶۹۴-۰۴۲۔ صفحات: ۴۸+ ۲۴ (انگریزی صفحات)۔ قیمت: درج نہیں۔ [الشباب عربی اور انگریزی زبانوں پر مشتمل سید مودودی انٹرنیشنل اسلامک ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ کا ترجمان ہے جو ادارے کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شبیر احمد منصوری کی سرپرستی میں نکلتا ہے۔ انسٹی ٹیوٹ کے قیام کی غرض و غایت یہ تھی کہ عالمِ اسلام اور دیگر ممالک سے آنے والے طلبا کو اسلام کے افکار وتعلیمات جدید خطوط پر سکھائے جائیں اور پھر وہ اپنے ممالک میں جاکر اسلام کی حقیقی فکر کو پیش کرسکیں۔ مجلّے کے مضامین کا تنوع اور دیگر تعلیمی و ہم نصابی سرگرمیاں اسی مقصد کی جھلک پیش کرتے ہیں۔ انگریزی حصے کے مدیر پروفیسر جمیل اختر ہیں۔ ادارے کی سرگرمیوں کی تصویری جھلکیاں بھی پیش کی گئی ہیں۔]